



## گندم کی کٹائی اور گہائی کے دوران **کرونا وائرس** سے بچنے کیلئے

# احتیاطی تدابیر

- کاشتکار کرونا وائرس سے بچنے کیلئے گندم کی کٹائی اور گہائی کے دوران ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے اور گلے ملنے سے گریز کریں۔
- گندم کی کٹائی پوری طرح پکنے پر کریں اور اپنے منہ کو ماسک سے ڈھانپ کر رکھیں۔
- گندم کی کٹائی اور گہائی کے ایام میں کھیتوں کے قریب پانی اور صابن کا انتظام رکھیں اور وقفے وقفے سے ہاتھ دھوئیں۔
- فصل کی کٹائی سے پہلے موسمی پیشن گوئی کو مدنظر رکھیں اور اس کے مطابق اقدامات کریں۔
- کٹائی کے دوران چھینک یا کھانسی آنے کی صورت میں منہ کو بازو سے ڈھانپ لیں۔
- کاشتکار اپنے منہ، ناک اور آنکھوں کو چھونے سے گریز کریں۔
- ٹریکٹر ٹرالی پر ایک سے زیادہ افراد سوار ہوں تو ایک دوسرے سے تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- بارش کا خطرہ ہو تو کٹائی کے بعد گڈیاں قدرے چھوٹی باندھیں اور سٹوں کا رُخ اوپر کی جانب رکھیں۔
- کٹائی کیلئے چھوٹی مشینیں محکمہ زراعت کے دفاتر یا ماڈل فارم سروسز سنٹر سے پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر کرایہ پر حاصل کریں۔
- گندم سٹور کرنے کیلئے ترجیحاً نئی بوریاں استعمال کریں اور گوداموں میں جراثیم کش سپرے کریں۔
- کاشتکار نزلہ، کھانسی یا بخار کی صورت میں گھر پر رہیں اور دیگر افراد سے مناسب فاصلہ اختیار کریں۔ طبیعت زیادہ خراب ہو تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

مزید معلومات یا رہنمائی کیلئے ایگریکلچر انفارمیشن کے کال سنٹر نمبر 0348-1117070 پر رابطہ کریں۔

**بیورو آف ایگریکلچر انفارمیشن محکمہ زراعت توسیع خیبر پختونخوا پشاور**